www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی•ممبئی•کولکاتا•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ

روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI

ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru

NEW DELHI (CITY) Pages: 16 ₹ 4/- Vol:25 Issue :8930 سال:25 شمارہ نمبر:8930 10/ذی الحجہ 1445ھ پیر ﴿یعنی مکمل سچ﴾ •حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار Monday 17 June 2024

15 ٹرینٹ بولٹ کا ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 کے بعد ریٹائرمنٹ کا اعلان

حجاج کرام سنت ابراہیمی کی ادائیگی سے سرفراز

مکہ مکرمہ (ایجنسیاں)

دنیا بھر کے 10 لاکھ فرزندان توحید سنت ابراہیمی کی ادائیگی سے سرفراز ہوگئے۔ اس طرح حج کے تقریباً تمام اہم ارکان بحسن وخوبی ادا ہوگئے۔ حجاج کرام مزدلفہ میں رات بھر قیام کے بعد آج بعد نماز فجر منیٰ پہنچ گئے، جہاں انہوں نے بڑے شیطان کو 7 کنکریاں ماریں، قربانی کی اور حلق کروانے کے بعد احرام اتار کر معمول کے لباس میں آگئے۔ بعد ازاں ہزاروں حاجیوں نے حج کا آخری رکن طواف زیارت کیا۔ حاجیوں نے مطاف کے علاوہ حرم شریف کی بالائی منزلوں پر بھی طواف زیارت کیا اور صفا اور مروہ پہاڑیوں کے درمیان سعی کی۔ حجاج کرام ابھی 2 دن اور منیٰ میں قیام کریں گے اور آج جن حاجیوں نے طواف زیارت نہیں کیا ہے وہ بقیہ 2 دنوں کے دوران طواف زیارت کیلئے حرم شریف جائیں گے۔ حجاج کرام جمعہ کے شیڈیول میں بقیہ 2 دنوں کے قیام کے دوران روزانہ تینوں شیطانوں کو 7-7 کنکریاں ماریں گے۔ اس کے بعد وہ مکہ مکرمہ میں اپنی رہائش گاہوں پر لوٹ آئیں گے۔ حجاج کرام نے گزشتہ شب مزدلفہ میں گذاری جہاں عبادت کے ساتھ ہی جمرات کے لیے کنکریاں چننے کے بعد حجاج کرام فجر ادا کر کے منیٰ واپس پہنچے۔ مناسک حج اب آخری مراحل میں داخل ہو چکے ہیں۔ حجاج کرام آج 10 ذی الحجہ کو منیٰ میں زوال کے وقت سے پہلے صرف جمرہ عقبیٰ کو کنکریاں ماریں گے۔ رمی کے بعد حجاج کرام قربانی کی تصدیق ہوتے ہی حلق (بال منڈوا نا) کر کے اپنا احرام کھول دیں گے۔ اس کے بعد 11 اور 12 ذی الحجہ کو دیگر دو جمرات یعنی جمرہ اولیٰ اور جمرہ وسطیٰ سمیت تینوں جمروں پر کنکریاں ماری جائیں گی۔ احرام کی پابندیوں سے نکلنے کے بعد حجاج کرام کی بڑی تعداد مسجد الحرام میں طواف زیارت کے لیے پہنچنا شروع ہو چکی ہے۔ اس سلسلے میں حجاج جہاں بسوں کے ذریعہ مکہ مکرمہ پہنچ کر طواف زیارت کر رہے ہیں، وہیں بہت بڑی تعداد منیٰ سے پیدل ہی مسجد الحرام کی جانب گامزن ہے۔ اس سے قبل حجاج نے 9 ذی الحجہ کا دن میدان عرفات میں گزارا جہاں انہوں نے حج کا رکن اعظم وقوف عرفہ ادا کیا۔ آج پہلے دن کی رمی، قربانی، حلق اور طواف زیارت کے بعد حجاج 11 اور 12 ذی الحجہ کو بھی منیٰ میں قیام کریں گے۔ اس دوران وہ تینوں دن کی رمی کریں گے۔ حج 1445 ہجری بمطابق 2024

سعودی عرب سمیت مختلف ممالک میں عیدالاضحیٰ منائی گئی

ریاض (یو این آئی) سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور دیگر عربی ممالک میں آج عیدالاضحیٰ منائی گئی۔ یہ تہوار 12 ویں اسلامی مہینے ذی الحجہ میں منایا جاتا ہے۔ یہ اسلامی کیلنڈر کا آخری مہینہ ہے جس میں فریضہ حج ادا کیا جاتا ہے۔ مغربی ایشیا، اقوام متحدہ، امریکہ، کناڈا اور آسٹریلیا میں بھی عید الاضحیٰ کا تہوار منایا گیا۔ عیدیٰ ممالک میں یہ تہوار سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، اردن، شام، یمن، کویت، عمان اور عراق میں بھی منایا گیا۔ سعودی گزٹ کے مطابق، سعودی عرب کے مسلمانوں نے اتوار کو 12,000 سے زیادہ مساجد میں عیدالاضحیٰ کی نماز ادا کی، جن میں مکہ کی عظیم الشان مسجد اور مدینہ میں مسجد نبوی شامل ہے۔ سعودی گزٹ کی رپورٹ کے مطابق اب عازمین حج جمرات (العقبہ) میں شیطان میں کنکریاں ماریں گے اور بکروں کی قربانی کریں گے، مردا اپنے سر کے بال صاف کرائیں گے اور طواف الافاضہ اور سعی کرنے کیلئے مکہ روانہ ہوں گے۔

یہاں 3 دن تک حجاج قیام کرتے ہیں۔ حج انتظامیہ میں شامل تمام ادارے عرفہ کے دن منیٰ کو دوبارہ حجاج کے استقبال کے لیے تیار کر دیتے ہیں۔

(باقی اپنا شہر صفحہ 13 پر)

جموں وکشمیر کی صورتحال پر امت شاہ کی اعلیٰ سطحی میٹنگ

نئی دھلی، (یو این آئی)

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اتوار کو کہا کہ جموں وکشمیر میں دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں ہے اور دہشت گردی اب بڑے منظم دہشت گردانہ تشدد سے کم ہو کر پراکسی لڑائی میں سمٹ گئی ہے، لیکن حکومت اسے جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔ جموں وکشمیر میں بڑھتی ہوئی دہشت گردانہ سرگرمیوں کے پیش نظر مرکز کے زیر اثر خلا سے میں سیکورٹی صورتحال اور آئندہ امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ وزیر داخلہ نے ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ جموں میں 'امپیڈ ڈ موبیلٹی پلان اور زیرو ایرر پلان' کے ذریعے وادی کشمیر میں حاصل کی گئی کامیابیوں کو برقرار رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت نئے طریقوں سے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کرکے ایک مثال قائم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیر داخلہ نے تمام ایجنسیوں پر زور دیا کہ وہ مشن موڈ میں کام کریں اور مربوط انداز میں قومی رگڈل کو یقینی بنائیں۔ مسٹر شاہ نے کہا، "جموں وکشمیر میں دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں ہے۔ حالیہ واقعات ظاہر کرتے ہیں کہ دہشت گردی بڑے منظم دہشت گردانہ تشدد سے پراکسی لڑائیوں تک محدود ہونے کے لئے مجبور ہوگئی ہے، لیکن ہم اس کو بھی جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔ وزیر داخلہ نے حساس علاقوں کی نشاندہی اور ان کے سیکورٹی خدشات پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے سیکورٹی ایجنسیوں کے درمیان ہم آہنگی پر زور دیا۔ وزیر داخلہ نے مقامی انٹیلی جنس نیٹ ورکس کو مضبوط بنانے، سرنگوں کا پتہ لگانے اور اندرون کا مقابلہ کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کو اپنانے پر زور دیا۔ انہوں نے سیکورٹی ایجنسیوں کو مرکزی حکومت کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ دہشت گردی کے خلاف حکومت کی زیرو ٹالرنس پالیسی کو دہراتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ حکومت جموں وکشمیر سے دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑے گی۔ شاہ نے کہا کہ مرکزی حکومت کی کوششوں سے وادی کشمیر میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی کے ساتھ ساتھ کے بڑے پیمانے پر شہت نتائج سامنے آئے ہیں۔ آئندہ امرناتھ یاترا کو ذہن میں رکھتے ہوئے یاتریوں کی حفاظت سے متعلق تیاریوں اور انہیں فراہمی کی جانے والی سہولیات کا بھی میٹنگ میں جائزہ لیا گیا۔ قبل ازیں جمعرات کو سنسر مودی نے مسٹر شاہ اور مسٹر ڈوبھال اور دیگر سینئر عہدیداروں کے ساتھ جموں وکشمیر کی صورتحال کا جائزہ لیا تھا۔

Unique Identification Number DL-26SAU-0112024

اسپیکر کے مسئلہ پر راجناتھ کے گھر پر این ڈی اے کی میٹنگ

نئی دھلی ، (ایجنسیاں)

لوک سبھا اسپیکر کے عہدہ کیلئے این ڈی اے اور اپوزیشن اتحاد کے رہنما حکمت عملی تیار کرنے میں مصروف ہیں۔ اسی سلسلے میں اتوار کو وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کی رہائش گاہ پر این ڈی اے کی ایک میٹنگ ہوئی، جس میں بی جے پی صدر جے پی نڈا، کرن رجیجو، اشوئی ویشنو، للن سنگھ، چراغ پاسوان شریک ہوئے۔ میٹنگ میں اپوزیشن اتحاد کے خلاف حکمت عملی تیاری کی اور اسپیکر کیلئے 3 ناموں راد ھا موہن سنگھ، اوم برلا اور گوپالی پرنڈیشوری کے ناموں پر غور ہوا۔ بی جے پی کیلئے راحت کی بات یہ ہے کہ اسپیکر کیلئے ٹی ڈی پی اور جے ڈی یو نے اپنی حمایت دیدی ہے۔ ادھر کرن رجیجو نے کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے سے ملاقات کی۔ واضح رہے کہ 26 جون کو لوک سبھا کے نئے اسپیکر کا انتخاب ہوگا۔ ایوان کے ارکان ایک دن پہلے دوپہر 12 بجے تک امیدواروں کی حمایت میں تحریک کا نوٹس دے سکتے ہیں۔

ای وی ایم پر ایلون مسک کے بیان سے سیاسی گھمسان

ای وی ایم کو ہیک کیا جاسکتا ہے: ایلون مسک ❖ ہندوستان میں ای وی ایم بلیک باکس، کسی کو جانچ کی اجازت نہیں: راہل

نئی دھلی، (ایجنسیاں)

الیکٹرانک ووٹنگ مشین (ای وی ایم) پر ایک بار پھر بحث چھڑ گئی ہے۔ دنیا کے امیر ترین بزنس مین ایلون مسک نے 15 جون کو کہا کہ ای وی ایم کو ختم کر دینا چاہیے۔ اسے انسانوں یا اے آئی

- ٹکنالوجی جب مسائل کی وجہ بن جائے تو اس کا استعمال بند کر دینا چاہئے: اکھلیش
- ای سی (الیکشن کمیشن) کا یہ مطلب ہے مکمل طور پر سمجھوتہ نہ کر: الیکشن کمیشن: آدتیہ ٹھاکرے
- ہندوستانی ای وی ایم محفوظ ہیں اور کسی بھی میٹ ورک یا میڈیا سے الگ ہیں: راجیو چندر شیکھر

کے ذریعہ ہیک کیے جانے کا خطرہ ہے۔ اگرچہ یہ خطرہ کم ہے لیکن پھر بھی بہت زیادہ ہے۔ امریکہ میں اس کے ذریعہ ووٹنگ نہیں ہونی چاہیے۔ اس پر بی جے پی لیڈر اور سابق آئی ٹی وزیر راجیو چندر شیکھر نے کہا کہ مسک کے مطابق کوئی بھی محفوظ ڈیجیٹل پارٹ ویئر نہیں بنا سکتا، یہ غلط ہے۔ ان کا بیان امریکہ اور دیگر جگہوں پر لاگو ہو سکتا ہے جہاں وہ انٹرنیٹ سے منسلک ووٹنگ مشینیں بنانے کے لیے باقاعدہ ڈیپلوٹ پلیٹ فارم استعمال کرتے ہیں۔ ہندوستانی ای وی ایم محفوظ ہیں اور کسی بھی نیٹ ورک یا میڈیا سے الگ ہیں۔ کوئی کنکٹی وٹی نہیں، کوئی بلوٹوتھ، وائی فائی، انٹرنیٹ نہیں۔ یعنی کوئی راستہ نہیں ہے۔ فیکٹری پروگرامڈ مشین کنفرم جنہیں دوبارہ پروگرام نہیں کیا جاسکتا۔ ای وی ایم کو بالکل اسی طرح ڈیزائن کیا جاسکتا ہے جیسا کہ ہندوستان نے کیا ہے۔ ہمیں اس کا ٹیوٹوریل دینے میں خوشی ہوگی، اٹلین۔ راہل گاندھی نے مسک کی پوسٹ کو دوبارہ پوسٹ کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان میں ای وی ایم بلیک باکس کی طرح ہے۔ کسی کو اس کی تحقیقات کی اجازت نہیں ہے۔ ہمارے انتخابی عمل میں شفافیت پر شدید تحفظات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ جب اداروں میں احتساب کا فقدان ہوتا ہے تو جمہوریت ایک دھوکہ بن جاتی ہے اور فراڈ کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ راہل گاندھی نے شمال مغربی ممبئی کے واقعہ کا ذکر کیا، یہاں شیو سینا کے رکن پارلیمنٹ 48 ووٹوں سے جیت گئے۔ راہل گاندھی نے مڈ ڈے اخبار میں شائع خبر کے ساتھ مسک کی پوسٹ کو دوبارہ پوسٹ کیا۔ اس میں ممبئی واقعہ کا ذکر ہے۔ درحقیقت ممبئی ناردھ ویسٹ لوک سبھا سیٹ سے این ڈی اے اور شیو سینا (شندے) کے امیدوار رویندر واٹیکر کے بمشکل منگیش پنڈیلکر 4 جون کو پابندی کے باوجود ایک انتخابی افسر کے موبائل فون نے گرگور یاؤں کے گنتی مرکز کے اندر گئے تھے۔ راہل کے بعد ساجوادی پارٹی (ایس پی) کے رکن پارلیمنٹ اکھلیش یادو نے کہا کہ کنالوجی مسائل کو حل کرنے کے لیے ہوتی ہے، اگر وہی مسائل کی وجہ بن جائے تو اس کا استعمال بند کر دینا چاہیے۔ آدتیہ ٹھاکرے نے کہا کہ ای سی (الیکشن کمیشن) کا یہ مطلب ہے مکمل طور پر سمجھوتہ نہ کر: الیکشن کمیشن۔'

ذبیحہ پر 2 گروپوں میں ٹکراؤ

صیدک، (یو این آئی)

تلنگانہ میں مویشیوں کے ذبیحہ پر دو گروپوں کے درمیان تصادم کے بعد اتوار کو صیدک شہر بند رہا۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ تمام کاروباری اور تجارتی اداے رضا کارانہ طور پر بند کر دیے گئے اور تشدد کو روکنے کے لیے پولیس کو تعینات کیا گیا تھا۔ حکام صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بقرعید کی دوپہر بکرا عید کے موقع پر شہر صیدک میں جانوروں کے ذبیحہ کے خلاف ایک گروپ نے احتجاج کیا۔ پولیس کو بنگلہ تالاب کے نزدیک گایوں کے بارے میں شکایت موصول ہوئی تھی جنہیں مبینہ طور پر ذبح کرنے کے لیے لایا گیا تھا۔ نرسکھیڈ میں جب سرکل انسپکٹر (سی آئی) گایوں کے بارے میں معلومات دے رہے تھے، ایک برادری کے ایک شخص نے دوسری برادری کے ایک نوجوان پر چاقو سے حملہ کر دیا، جس سے وشدید طور پر زخمی ہو گیا۔ دونوں گروپوں کے درمیان پتھراؤ کی وجہ سے قصبے میں کشیدگی کا ماحول بن گیا۔ مشتعل افراد نے فی اپتال کی گاڑی کو بھی نقصان پہنچایا۔ پولیس نے مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے لاٹھی چارج کیا۔

اعلان تعطیل

قارئین، مشتہرین اور ایجنٹ حضرات متوجہ ہوں! عیدالاضحیٰ کے موقع پر 17 جون کو تعطیل کے باعث روزنامہ راشٹریہ سہارا کا اگلا شمارہ 19 جون 2024 کو شائع ہوگا۔ (ادارہ)